مطبوعات

کتاب الرسالہ | تالیف: امام ابن ادریس شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ۔ ترجمہ: مفتی محمد امجد علی صاحب۔ شائع کردہ: محمد سعید اینڈ سنز تاجران کتب قرآن محل، مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی۔ صفحات: ۴۴۸۔ قیمت دس روپے پچاس پیسے۔

زیرِ نظر کتاب امام شافعی رحمۃ اللہ کی مشہور تصنیف الرسالہ فی اصول الفقہ والحدیث کا ترجمہ ہے۔ یہ بیش قیمت تصنیف اصول فقہ و اصول حدیث پر سب سے پہلی کتاب شمار ہوتی ہے۔ اس کے مطالعہ سے یہ حقیقت پوری طرح منکشف ہو جاتی ہے کہ ہماری امت کے بڑے سے بڑے مجتہد سنت کو قرآن مجید کے بعد اسلامی قانون کا سب سے بڑا ماخذ قرار دیتے تھے کیونکہ حضور سرورِ کائنات کے اقوال و اعمال کا سرچشمہ بھی وحی الٰہی ہی ہے۔ امام موصوف کے نزدیک اگر صحتِ روایت سے انکار ممکن نہ ہو تو متنِ حدیث کو معروضی تنقید کے ذریعے رد نہیں کیا جا سکتا۔ یہ کتاب درحقیقت رسوخ فی العلم کا ایک نادر نمونہ ہے۔ ترجمہ سلیس اور رواں ہے اور فاضل مترجم کی استعداد کا آئینہ دار۔

اسلام کا نظریہ ملکیت حصہ اوّل | تالیف ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی۔ شائع کردہ: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، شاہ عالمی مارکیٹ لاہور۔ صفحات: ۳۰۴۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن مع پلاسٹک کور: ۵.۰۰ روپے۔ سستا ایڈیشن: ۴.۰۰ روپے

اس کتاب کے مصنف پاک و ہند کے علمی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ مغربی اور اسلامی علوم دونوں میں وہ گہری بصیرت رکھتے ہیں۔ اس تصنیف میں انھوں نے اسلام کے نظریہ ملکیت پر بحث کی ہے۔ اُن کا یہ خیال بالکل درست ہے کہ اسلام میں ملکیتِ مطلق کا تصور نہیں بلکہ امانت کا تصور ہے یعنی ہمیں جس شے پر تصرّف حاصل ہے اُسے ہم مطلق العنان ہو کر استعمال نہیں کر سکتے بلکہ امین کے طور پر اس کے اصل حاکم یعنی باری تعالیٰ کے حکم کے مطابق فائدہ اٹھانے کے مجاز ہیں۔ اسی حقیقت کو فاضل مصنف نے سارے مباحث کی بنیاد بنایا ہے۔ پوری کتاب بڑی وقیع اور فاضلانہ ہے۔ اور